15 FEB 2023

Telangana Today

HYDERABAD

## Memorial lecture

Department of Women Education, Maulana Azad National Urdu University (MANUU), in collaboration with Safdaria Girls High School, Hyderabad, is organising Sughra Humayun Mirza memorial lecture at Saiyid Hamid Library auditorium, MANUU campus from 11 am on Thursday. Prof. Faizan Mustafa, Department of Law, Aligarh Muslim University and former V-C, Nalsar University of Law, will deliver lecture on 'Indian Constitution, Gender Equality and Uniform Civil Code'.

سیاست

## اردو یونیورسٹی میں پروفیسر فیضان مصطفی کا کل لکچر سے خطاب

حیدرآباد۔ 14۔ فروری (سیاست نیوز) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے شعبہ تعلیم نسواں میں 16 فروری کو 11 بجے دن صغریٰ ہمایوں مرزا یادگاری لکچر بعنوان ''دستور ہند صنفی مساوات اور یونیفارم سیول کوڈ'' منعقد کیا جارہا ہے۔ ممتاز ماہر قانون پروفیسر فیضان مصطفی سابق وائس چانسلر نلسار یونیورسٹی آف لاء اس موضوع پر خطاب کریں گے۔ صفدریہ گرلز ہائی اسکول کے اشتراک سے اس لکچر کا اہتمام کیا گیا ہے۔ ڈاکٹر آمینہ تحسین صدر شعبہ نسواں کے بموجب وائس چانسلر پروفیسر سید عین الحسن صدارت کریں گے۔ پروفیسر فاطمہ علی خاں سابق صدر شعبہ جغرافیہ و ڈائرکٹر سنٹر فار ویمنس اسٹڈیز عثمانیہ یونیورسٹی مہمان خصوصی ہوں گی۔ اس پروگرام کا مقصد حیدرآباد کی مایہ ناز خاتون صغریٰ ہمایوں مرزا کی شخصیت اور علمی، ادبی اور سماجی کارناموں سے نئی نسل کو واقف کرانا ہے۔ ہمایوں علی مرزا سکریٹری صفدریہ گرلز ہائی اسکول نے شرکت کی اپیل کی۔

Sakshi

## 16న 'మనూ'లో ప్రత్యేక ఉపన్యాసం

రాయదుర్గం: మనూలోని డిపార్ట్‌మెంట్ ఆఫ్ విమెన్ ఎడ్యుకేషన్ (డీడబ్ల్యూఈ) విభాగం ఆధ్వర్యంలో సఫ్దరియా గార్ల్స్ హైస్కూల్ సహకారంతో ప్రత్యేక ఉపన్యాస కార్యక్రమాన్ని ఏర్పాటు చేశామని డీడబ్ల్యూఈ, ప్రోగ్రామ్ కోఆర్డినేటర్ డాక్టర్ అమీనా తహసీన్ మంగళవారం తెలిపారు. ఈనెల 16వ తేదీ ఉదయం 11 గంటలకు సయ్యద్ హామీద్ లైబ్రరీ ఆడిటోరియంలో సుఘ్రాహుమయూన్ మీర్జా స్మారక ఉపన్యాసాన్ని నిర్వహించేందుకు ఏర్పాట్లు చేశామన్నారు. 'భారత రాజ్యాంగం, లింగ సమానత్వం, యూనిఫామ్ సివిల్‌కోడ్' అనే అంశంపై ప్రసంగిస్తారని వివరించారు.

15 FEB 2023 منصف

# ”جل شکتی“ ایوارڈ کیلئے مرکزی ٹیم کا دورہ اردو یونیورسٹی

حیدرآباد۔14رفروری (پریس نوٹ) مرکزی وزارت آبی وسائل ”جل شکتی“ کی جانب سے چوتھے قومی ” واٹر ایوارڈ“ برائے زمرہ ”کیمپس کا بہترین استعمال کنندہ ادارہ“ کی زمینی جانچ کے لئے ایک اعلیٰ سطحی ٹیم نے مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کا دورہ کیا۔ ٹیم میں ڈی رنگاریڈی، چیف انجینئر کے جی پی او، سی ڈبلیو سی، حیدرآباد؛ سرینواسو باری، سپرنٹنڈنٹ انجینئر، سی ڈبلیو سی، حیدرآباد؛ محترمہ کیرولین لوئس، سائنٹسٹ، سنٹرل گراونڈ واٹر بورڈ، حیدرآباد اور ایم وی کے سریش، پی اے، سی ڈبلیو سی، حیدرآباد شامل تھے۔ جل شکتی ابھیان، مانو کے صدر نشین پروفیسر شکیل احمد نے تمام مہمانان کا استقبال کیا۔ انہوں نے کیمپس میں پانی کے مختلف ذرائع جیسے تالاب، بورویل، سیوریج ٹریٹمنٹ پلانٹ، پانی کا تحفظ اور بہتر طریقے سے استعمال کے طریقہ کار کا ٹیم کے روبرو پاور پوائنٹ پریزنٹیشن دیا۔ انہوں نے سوالات کے بھی تشفی بخش جوابات دیئے۔ اس موقع پر یونیورسٹی کے رجسٹرار پروفیسر اشتیاق احمد نے بھی اظہار خیال کیا۔ جل شکتی ابھیان مانو کے کنوینر پروفیسر محمد فریاد نے پانی کے تحفظ اور استعمال سے متعلق یونیورسٹی کے اندرون اور بیرون NSS, NCC کی مختلف سرگرمیوں کا تفصیلی جائزہ پیش کیا اور شکریہ ادا کیا۔ بعد ازاں جل شکتی ٹیم نے یونیورسٹی میں پانی کے مختلف وسائل کے مقامات جیسے تالاب، بارش کے پانی کے تحفظ کے گڑھوں، بورویل وغیرہ کا مشاہدہ کیا۔ وزارت جل شکتی کی ٹیم نے یونیورسٹی کی جانب سے پانی کے تحفظ کے لیے اٹھائے گئے اقدامات کی ستائش کی۔ اس موقع پر مانو کی جل شکتی ابھیان کمیٹی کے اراکین پروفیسر شمیم فاطمہ، جناب رضوان احمد، ڈاکٹر زید عبدالرحیم، ڈاکٹر اقبال خان، ڈاکٹر جرار احمد، جناب ایس ناگیسوار ریڈی اور دیگر ذمہ داران بھی موجود تھے۔

M

AL HAYAT Ranchi 15-02-2023

# اردو یونیورسٹی میں پروفیسر فیضان مصطفی کا صغرا ہمایوں مرزا یادگاری خطبہ


**الحیات نیوز سروس**

حیدرآباد: مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، شعبہ تعلیم نسواں میں 16 فروری 11 بجے دن، سید حامد لائبریری آڈیٹوریم، یونیورسٹی کیمپس میں صفدریہ گرلس ہائی اسکول کے اشتراک سے، صغرا ہمایوں مرزا یادگاری خطبہ بہ عنوان "دستورِ ہند، مساوات اور یونیفارم سیول کوڈ" کا اہتمام کیا جا رہا ہے۔ ممتاز ماہر قانون، پروفیسر فیضان مصطفی، شعبہ قانون، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی و سابق وائس چانسلر، نلسار یونیورسٹی آف لا، حیدرآباد خطبہ پیش کریں گے۔ ڈاکٹر آمنہ تحسین، صدر شعبہ و کوآرڈینیٹر کے بموجب پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر صدارت کریں گے جبکہ مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے پروفیسر فاطمہ علی خان، سابق صدر شعبہ جغرافیہ و ڈائرکٹر سنٹر فار ویمنس اسٹڈیز، عثمانیہ یونیورسٹی شرکت کریں گی۔

اس پروگرام کے انعقاد کا مقصد حیدرآباد دکن کی مایہ ناز خاتون صغرا ہمایوں مرزا کی شخصیت اور علمی، ادبی اور سماجی کارناموں سے نئی نسل کو روشناس کروانا، نیز تعلیم و ترقی نسواں کے متعلق ان کے مشن کو ایک اور جہت دینا ہے۔ ہمایوں علی مرزا، سکریٹری، صفدریہ گرلس ہائی اسکول و پروگرام شریک آرڈینیٹر نے علم دوست افراد سے شرکت کی درخواست کی ہے۔

AL HAYAT Ranchi 15-02-2023

# مانو آئی ایم سی کی تین فلموں کا انٹرنیشنل فلم فیسٹولس کے لیے انتخاب



**الحیات نیوز سرویس**

حیدرآباد: مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، انسٹرکشنل میڈیا سنٹر (آئی ایم سی) کی فلموں کا تین فلموں کا فلم فیسٹولس میں انتخاب عمل میں آیا ہے۔ مختصر فلم "ارسطو" کو پائن ووڈ فلم اسٹوڈیو، آئیور، بکنگھم شائر کے بین الاقوامی فلم فیسٹول لفٹ - آف گلوبل نیٹ ورک کے لیے انتخاب عمل میں آیا ہے، جبکہ دو فلموں "کچرے سے توانائی" اور "بدلتا بھارت" کو 14 ویں پرکرتی انٹرنیشنل ڈاکیومنٹری فلم فیسٹول، کنسورشیم آف ایجوکیشنل کمیونیکیشن، یونیورسٹی گرانٹس کمیشن، وزارت تعلیم، حکومت ہند کے لیے انتخاب عمل میں آیا ہے۔ جناب رضوان احمد، ڈائرکٹر آئی ایم سی کے بموجب پرکرتی انٹرنیشنل ڈاکیومنٹری فلم فیسٹول، تعلیمی ترسیل کا ایک مقبول ادارہ ہے۔ ان دونوں فلموں کو مدورائی کامراج یونیورسٹی میں فیسٹول کے دوران ایوارڈ اور اسکریننگ زمرہ میں دکھایا جائے گا۔ "ارسطو" اردو زبان میں تیار کردہ مختصر ڈاکیومنٹری ہے جس کے ہدایتکار جناب عامر بدر، پروڈیوسر، آئی ایم سی، مانو ہیں۔ فلم میں یونانی فلسفی ارسطو کی سوانح حیات پیش کی گئی ہے۔ ارسطو سماج کے تمام طبقات کو معلومات کی فراہمی کے لیے مانو نالج سیریز کے تحت تیار کیا گیا تھا۔ پہلے ہی مختلف فلم فیسٹولس میں اس فلم کو کافی پذیرائی حاصل ہوئی ہے۔ تاحال یہ فلم کسی فیسٹول کے لیے پانچویں مرتبہ منتخب ہوئی ہے۔ جناب عبید اللہ ریحان، کیمرہ پرسن کی ہدایت میں بنی فلم "بدلتا بھارت" کی بھی کئی فلم فیسٹولس میں ستائش ہوئی ہے۔ جبکہ "کچرے سے توانائی" جسے جناب محمد غوث، پروڈکشن اسسٹنٹ نے تیار کیا ہے کو بھی پہلے ایوارڈ حاصل ہو چکا ہے۔ دونوں فلموں کے تیار کنندگان کو سی ای سی، یو جی سی کی جانب سے پرکرتی انٹرنیشنل ڈاکیومنٹری فلم فیسٹول میں اسکریننگ کے موقع پر مدعو کیا گیا ہے جو مارچ 2023 میں منعقد ہوگا۔ پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر نے تعلیمی ترسیل کو فروغ دینے کی کوششوں پر آئی ایم سی کی ستائش کی۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا مقصد بین الاقوامی سطح کے تعلیمی مواد کی تیاری ہے۔ اس سلسلے میں آئی ایم سی بہترین اقدامات کر رہا ہے۔ جناب رضوان احمد، ڈائرکٹر، سنٹر نے فلموں کا تسلسل کے ساتھ مختلف قومی اور بین الاقوامی فلم فیسٹولس میں مانو کی فلموں کا انتخاب ہمارے لیے اطمینان کا باعث ہے۔

AL HAYAT Ranchi 15-02-2023

# "جل شکتی" ایوارڈ کے لیے مرکزی ٹیم کا دورہ اردو یونیورسٹی



الحیات نیوز سروس

حیدرآباد: مرکزی وزارت آبی وسائل "جل شکتی" کی جانب سے چوتھے قومی "واٹر ایوارڈ" برائے زمرہ "کیمپس کا بہترین استعمال کنندہ ادارہ" کی زمینی جانچ کے لیے ایک اعلیٰ سطحی ٹیم نے آج مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کا دورہ کیا۔ ٹیم میں جناب ڈی رنگا ریڈی، چیف انجینئر کے جی بی او، سی ڈبلیو سی، حیدرآباد؛ جناب سرینواسو باری، سپرنٹنڈنٹ انجینئر، سی ڈبلیو سی، حیدرآباد؛ محترمہ کیرولین لوتس، سائنٹسٹ، سنٹرل گراؤنڈ واٹر بورڈ، حیدرآباد اور جناب ایم وی کے سریش، پی اے، سی ڈبلیو سی، حیدرآباد شامل تھے۔ جل شکتی ابھیان، مانو کے صدرنشین پروفیسر شکیل احمد نے تمام مہمانان کا استقبال کیا۔ انہوں نے کیمپس میں پانی کے مختلف ذرائع جیسے تالاب، بورویل، سیوریج ٹریٹمنٹ پلانٹ، پانی کا تحفظ اور بہتر طریقے سے استعمال کے طریقۂ کار کا ٹیم کے روبرو پاور پوائنٹ پریزنٹیشن دیا۔ انہوں نے سوالات کے بھی تشفی بخش جوابات دیئے۔ اس موقع پر یونیورسٹی کے رجسٹرار پروفیسر اشتیاق احمد نے بھی اظہار خیال کیا۔ جل شکتی ابھیان مانو کے کنوینر پروفیسر محمد فریاد نے پانی کے تحفظ اور استعمال سے متعلق یونیورسٹی کے اندرون اور بیرون NCC,NSS کی مختلف سرگرمیوں کا تفصیلی جائزہ پیش کیا اور شکریہ ادا کیا۔ بعد ازاں جل شکتی ٹیم نے یونیورسٹی میں پانی کے مختلف وسائل کے مقامات جیسے تالاب، بارش کے پانی کے تحفظ کے گڑھوں، بورویل وغیرہ کا مشاہدہ کیا۔ وزارت جل شکتی کی ٹیم نے یونیورسٹی کی جانب سے پانی کے تحفظ کے لیے اٹھائے گئے اقدامات کی ستائش کی۔ اس موقع پر مانو کی جل شکتی ابھیان کمیٹی کے اراکین پروفیسر سنیم فاطمہ، جناب رضوان احمد، ڈاکٹر زید عبدالرحیم، ڈاکٹر اقبال خان، ڈاکٹر جرار احمد، جناب ایس ناگیسورا ریڈی اور دیگر ذمہ داران بھی موجود تھے۔

AL HAYAT Ranchi 15-02-2023

# پرینکا کماری کو ہندی میں پی ایچ ڈی

**الحیات نیوز سروس**

حیدرآباد: مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، شعبۂ ہندی کی اسکالر پرینکا کماری دختر جناب پون پرساد ساہ کو پی ایچ ڈی کا اہل قرار دیا گیا ہے۔ انہوں نے مقالہ "اکیسویں صدی کے ہندی ناٹکوں میں



ابھی ویکت استری جیون کا سماجک یتھارت" (اکیسویں صدی کے ہندی ڈراموں میں منعکس نسائی زندگی کی سماجی حقیقت) پروفیسر کرن سنگھ اٹوال کی نگرانی میں مکمل کیا۔ ان کا وائیوا 18 جنوری 2023 کو منعقد ہوا تھا۔

AL HAYAT Ranchi 15-02-2023

# پروفیسر ابن کنول، امجد اسلام امجد اور ضیا محی الدین کے سانحۂ ارتحال پر اردو یونیورسٹی میں تعزیتی نشست



الحیات نیوز سروس

حیدرآباد: مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، شعبۂ اردو کی جانب سے معروف افسانہ نگار، نقاد اور سابق صدر شعبۂ اردو، دہلی یونیورسٹی پروفیسر ابن کنول، ممتاز اینکر اور تھیٹر شخصیت جناب ضیاء محی الدین اور مشہور شاعر و ڈراما نگار جناب امجد اسلام امجد کے سانحۂ ارتحال پر آج ایک تعزیتی نشست کا انعقاد کیا گیا۔ پروفیسر شمس الہدیٰ دریابادی، صدر شعبۂ اردو نے اپنے صدارتی خطاب میں تمام مرحومین کے کارہائے نمایاں پر جامع انداز میں روشنی ڈالی۔ انھوں نے کہا کہ ضیاء محی الدین نے ایک طویل عمر پائی اور اپنی صفات اور کمالات کے ذریعے ادب و فن میں بلند و بالا مقام حاصل کیا۔ متون کی قرات میں ان کا کوئی ثانی نہ تھا۔ امجد اسلام امجد عصر حاضر کے چند نمائندہ شاعروں میں سے تھے۔ ان کے اشعار کی دھوم پوری اردو دنیا میں تھی۔ پروفیسر ابن کنول ہمارے عہد کے ایک اہم افسانہ نگار، خاکہ نگار اور نقاد تھے۔ وہ ایک نہایت زندہ دل اور خوش اخلاق انسان تھے۔ جلسے میں پروفیسر مسرت جہاں، ڈاکٹر فیروز عالم، ڈاکٹر بی بی رضا خاتون، ڈاکٹر احمد خاں، ڈاکٹر محمد اختر، ڈاکٹر کہکشاں لطیف، ڈاکٹر محمد اکبر اور ڈاکٹر جابر حمزہ نے بھی اپنے تاثرات کا اظہار کیا۔ آخر میں پروفیسر شمس الہدیٰ دریابادی نے مرحومین کے لیے دعائے مغفرت کی۔ اس موقعے پر شعبے کے تمام ریسرچ اسکالرز اور طلباء و طالبات موجود تھے۔ ناظم اجلاس ڈاکٹر ابوشہیم خاں نے پروفیسر ابن کنول کی شخصیت اور کارناموں کا احاطہ کیا۔ صنوبر ریاض کی تلاوتِ قرآن کریم سے نشست کا آغاز ہوا۔

Al Hubab, 15-02-2023

# اردو یونیورسٹی میں پروفیسر فیضان مصطفیٰ کا صغرا ہمایوں مرزا یادگاری خطبہ

حیدرآباد، 14 فروری (یو این آئی) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، شعبۂ تعلیم نسواں میں 16 فروری 11 بجے دن، سید حامد لائبریری آڈیٹوریم، یونیورسٹی کیمپس میں صفدریہ گرلس ہائی اسکول کے اشتراک سے، صغرا ہمایوں مرزا یادگاری خطبہ بہ عنوان دستور ہند، صنفی مساوات اور یونیفارم سیول کوڈ کا اہتمام کیا جارہا ہے۔ ممتاز ماہر قانون، پروفیسر فیضان مصطفیٰ، شعبۂ قانون، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی و سابق وائس چانسلر، نلسار یونیورسٹی آف لا، حیدرآباد خطبہ پیش کریں گے۔ ڈاکٹر آمنہ تحسین، صدر شعبہ و کنوینر کے بموجب پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر صدارت کریں گے جبکہ مہمان خصوصی کی حیثیت سے پروفیسر فاطمہ علی خان، سابق صدر شعبۂ جغرافیہ و ڈائرکٹر سنٹر فار ویمنس اسٹڈیز، عثمانیہ یونیورسٹی شرکت کریں گی۔ اس پروگرام کے انعقاد کا مقصد حیدرآباد دکن کی مایہ ناز خاتون صغرا ہمایوں مرزا کی شخصیت اور علمی، ادبی اور سماجی کارناموں سے نئی نسل کو روشناس کروانا، نیز تعلیم و ترقی نسواں کے متعلق ان کے مشن کو ایک اور جہت دینا ہے۔ ہمایوں علی مرزا، سکریٹری، صفدریہ گرلس ہائی اسکول و پروگرام شریک آرگنائزر نے علم دوست افراد سے شرکت کی درخواست کی ہے۔

Al Hubab, 15-02-2023

# پروفیسر ابنِ کنول، امجد اسلام امجد اور ضیا محی الدین کے سانحۂ ارتحال پر اردو یونیورسٹی میں تعزیتی نشست

حیدرآباد، 14 فروری (یو این آئی) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، شعبۂ اردو کی جانب سے معروف افسانہ نگار، نقاد اور سابق صدر شعبۂ اردو، دہلی یونیورسٹی پروفیسر ابن کنول، ممتاز اسکالر اور صداکار شخصیت جناب ضیا محی الدین اور مشہور شاعر و ڈراما نگار جناب امجد اسلام امجد کے سانحۂ ارتحال پر آج ایک تعزیتی نشست کا انعقاد کیا گیا۔ پروفیسر شمس الہدیٰ دریابادی، صدر شعبۂ اردو نے اپنے صدارتی خطاب میں تمام مرحومین کے کارہائے نمایاں پر جامع انداز میں روشنی ڈالی۔ انھوں نے کہا کہ ضیا محی الدین نے ایک طویل عمر پائی اور اپنی صفات اور کمالات کے ذریعے ادب و فن میں بلند و بالا مقام حاصل کیا۔ متون کی قرأت میں ان کا کوئی ثانی نہ تھا۔ امجد اسلام امجد عصر حاضر کے چند نمائندہ شاعروں میں سے تھے۔ ان کے اشعار کی دھوم پوری اردو دنیا میں تھی۔ پروفیسر ابن کنول ہمارے عہد کے ایک اہم افسانہ نگار، خاکہ نگار اور نقاد تھے۔ وہ ایک نہایت زندہ دل اور خوش اخلاق انسان تھے۔ جلسے میں پروفیسر مسرت جہاں، ڈاکٹر فیروز عالم، ڈاکٹر بی بی رضا خاتون، ڈاکٹر احمد خاں، ڈاکٹر محمد اختر، ڈاکٹر کہکشاں لطیف، ڈاکٹر محمد اکبر اور ڈاکٹر جابر حمزہ نے بھی اپنے تاثرات کا اظہار کیا۔ آخر میں پروفیسر شمس الہدیٰ دریابادی نے مرحومین کے لیے دعائے مغفرت کی۔ اس موقعے پر شعبے کے تمام ریسرچ اسکالرز اور طلبا و طالبات موجود تھے۔ ناظم اجلاس ڈاکٹر ابوشہیم خاں نے پروفیسر ابن کنول کی شخصیت اور کارناموں کا احاطہ کیا۔ صنوبر ریاض کی تلاوت قرآن کریم سے نشست کا آغاز ہوا۔

Aadab Telangana, 15-02-2023

# پروفیسر ابنِ کنول، امجد اسلام امجد اور ضیا محی الدین کے انتقال پر اردو یونیورسٹی میں تعزیتی نشست

حیدرآباد، 14 رفروری (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، شعبۂ اردو کی جانب سے معروف افسانہ نگار، نقاد اور سابق صدر شعبۂ اردو، دہلی یونیورسٹی پروفیسر ابن کنول، ممتاز اینکر اور تھیئٹر شخصیت جناب ضیاء محی الدین اور مشہور شاعر و ڈراما نگار جناب امجد اسلام امجد کے سانحۂ ارتحال پر آج ایک تعزیتی نشست کا انعقاد کیا گیا۔ پروفیسر شمس الہدیٰ دریابادی، صدر شعبۂ اردو نے اپنے صدارتی خطاب میں تمام مرحومین کے کارہائے نمایاں پر جامع انداز میں روشنی ڈالی۔ انھوں نے کہا کہ ضیا محی الدین نے ایک طویل عمر پائی اور اپنی صفات اور کمالات کے ذریعے ادب و فن میں بلند و بالا مقام حاصل کیا۔ متون کی قرات میں ان کا کوئی ثانی نہ تھا۔ امجد اسلام امجد عصر حاضر کے چند نمائندہ شاعروں میں سے تھے۔ ان کے اشعار کی دھوم پوری اردو دنیا میں تھی۔ پروفیسر ابن کنول ہمارے عہد کے ایک اہم افسانہ نگار، خاکہ نگار اور نقاد تھے۔ وہ ایک نہایت زندہ دل اور خوش اخلاق انسان تھے۔ جلسے میں پروفیسر مسرت جہاں، ڈاکٹر فیروز عالم، ڈاکٹر بی بی رضا خاتون، ڈاکٹر احمد خاں، ڈاکٹر محمد اختر، ڈاکٹر کہکشاں لطیف، ڈاکٹر محمد اکبر اور ڈاکٹر جابر حمزہ نے بھی اپنے تاثرات کا اظہار کیا۔ آخر میں پروفیسر شمس الہدیٰ دریابادی نے مرحومین کے لیے دعائے مغفرت کی۔ اس موقعے پر شعبے کے تمام ریسرچ اسکالرز اور طلباء و طالبات موجود تھے۔ ناظم اجلاس ڈاکٹر ابوشہیم خاں نے پروفیسر ابن کنول کی شخصیت اور کارناموں کا احاطہ کیا۔

روزنامہ منصف حیدرآباد

# اردو یونیورسٹی میں پروفیسر فیضان مصطفی کا صغرا ہمایوں مرزا یادگاری خطبہ

ممتاز ماہرِ قانون، پروفیسر فیضان مصطفی، شعبۂ قانون، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی و سابق وائس چانسلر، نلسار یونیورسٹی آف لا، حیدرآباد خطبہ پیش کریں گے۔

محمد اکرام الدین / آخری ترمیم ۱۴ فروری ۲۰۲۳ - ۵۹ : ۲۱



15-02-2023

صدائے حسینی
Sada-e-Hussaini

# اردو یونیورسٹی میں پروفیسر فیضان مصطفیٰ کا صغرا ہمایوں مرزا یادگاری خطبہ

حیدرآباد، 14 رفروری (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، شعبۂ تعلیم نسواں میں 16 رفروری 11 بجے دن، سید حامد لائبریری آڈیٹوریم، یونیورسٹی کیمپس میں صفدریہ گرلس ہائی اسکول کے اشتراک سے، صغرا ہمایوں مرزا یادگاری خطبہ بہ عنوان "دستور ہند، صنفی مساوات اور یونیفارم سیول کوڈ" کا اہتمام کیا جارہا ہے۔ ممتاز ماہر قانون، پروفیسر فیضان مصطفیٰ، شعبۂ قانون، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی و سابق وائس چانسلر، نلسار یونیورسٹی آف لا، حیدرآباد خطبہ پیش کریں گے۔ ڈاکٹر آمنہ تحسین، صدر شعبہ و کوآرڈینیٹر کے بموجب پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر صدارت کریں گے جبکہ مہمان خصوصی کی حیثیت سے پروفیسر فاطمہ علی خان، سابق صدر شعبہ جغرافیہ و ڈائرکٹر سنٹر فار ویمنس اسٹڈیز، عثمانیہ یونیورسٹی شرکت کریں گی۔ اس پروگرام کے انعقاد کا مقصد حیدرآباد دکن کی مایہ ناز خاتون صغرا ہمایوں مرزا کی شخصیت اور علمی، ادبی اور سماجی کارناموں سے نئی نسل کو روشناس کروانا، نیز تعلیم و ترقی نسواں کے متعلق ان کے مشن کو ایک اور جہت دینا ہے۔ ہمایوں علی مرزا، سکریٹری، صفدریہ گرلس ہائی اسکول و پروگرام شریک آرڈینیٹر نے علم دوست افراد سے شرکت کی درخواست کی ہے۔

15-02-2023
صدائے حُسینی
Sada-e-Hussaini

# پرینکا کماری کو ہندی میں پی ایچ ڈی

حیدرآباد، 14/فروری (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، شعبۂ ہندی کی اسکالر پرینکا کماری دختر جناب پون پرساد ساہی کو پی ایچ ڈی کا اہل قرار دیا گیا ہے۔ انہوں نے مقالہ ''اکیسویں صدی کے ہندی ناٹکوں میں ابھی ویکت استری جیون کا سماجک یتھارت'' (اکیسویں صدی کے ہندی ڈراموں میں منعکس نسائی زندگی کی سماجی حقیقت) پروفیسر کرن سنگھ اٹوال کی نگرانی میں مکمل کیا۔ ان کا وائیوا 18/جنوری 2023ء کو منعقد ہوا تھا۔

15-02-2023
صدائے حسینی
Sada-E-Hussaini

# پروفیسر ابنِ کنول، امجد اسلام امجد اور ضیا محی الدین کے سانحۂ ارتحال پر تعزیتی نشست

حیدرآباد، 14 رفروری (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، شعبۂ اردو کی جانب سے معروف افسانہ نگار، نقاد اور سابق صدر شعبۂ اردو، دہلی یونیورسٹی پروفیسر ابن کنول، ممتاز اینکر اور تھیٹر شخصیت جناب ضیاء محی الدین اور مشہور شاعر و ڈراما نگار جناب امجد اسلام امجد کے سانحۂ ارتحال پر آج ایک تعزیتی نشست کا انعقاد کیا گیا۔ پروفیسر شمس الہدیٰ دریابادی، صدر شعبۂ اردو نے اپنے صدارتی خطاب میں تمام مرحومین کے کارہائے نمایاں پر جامع انداز میں روشنی ڈالی۔ انھوں نے کہا کہ ضیا محی الدین نے ایک طویل عمر پائی اور اپنی صفات اور کمالات کے ذریعے ادب و فن میں بلند و بالا مقام حاصل کیا۔ متون کی قرات میں ان کا کوئی ثانی نہ تھا۔ امجد اسلام امجد عصر حاضر کے چند نمائندہ شاعروں میں سے تھے۔ انکے اشعار کی دھوم پوری اردو دنیا میں تھی۔ پروفیسر ابن کنول ہمارے عہد کے ایک اہم افسانہ نگار، خاکہ نگار اور نقاد تھے۔ وہ ایک نہایت زندہ دل اور خوش اخلاق انسان تھے۔ جلسے میں پروفیسر مسرت جہاں، ڈاکٹر فیروز عالم، ڈاکٹر بی بی رضا خاتون، ڈاکٹر احمد خاں، ڈاکٹر محمد اختر، ڈاکٹر کہکشاں لطیف، ڈاکٹر محمد اکبر اور ڈاکٹر جابر حمزہ نے بھی اپنے تاثرات کا اظہار کیا۔ آخر میں پروفیسر شمس الہدیٰ دریابادی نے مرحومین کیلئے دعائے مغفرت کی۔ اس موقعے پر شعبے کے تمام ریسرچ اسکالرز اور طلباء و طالبات موجود تھے۔

UNI
BREVITY ACCURACY SPEED
United News of India
India's Multi Lingual News Agency
Wednesday, Feb 15 2023 | Time 11:04 Hrs(IST)

Posted at: Feb 13 2023 5:40PM

# High level team from Ministry of Jal Shakti visits MANUU

Hyderabad, Feb 13 (UNI) A high level team from Ministry of Jal Shakti, Government of India, visited Maulana Azad National Urdu University on Monday for 'ground truthing' of MANUU's application for the fourth National Water Awards under the category best Institution for campus usage.

MANUU has applied for this prestigious award.

The team comprising of D Ranga Reddy, Chief Engineer, KGBO, CWC, Hyderabad, Srinivasu Bairy, Superintending Engineer, CWC, Hyderabad, Caroline Louis, Scientist - C, Central Ground Water Board, Hyderabad and MVK Suresh, PA, CWC, Hyderabad visited various water sources like ponds, water harvesting pits, bore wells etc, a MANUU statement said.

Prof Shakeel Ahmed, School of Sciences & Chairman, Jal Shakti Abhiyan, MANUU briefed the team about various steps taken by the University to conserve & preserve this precious gift of nature.
He gave a powerpoint presentation detailing various water resources available at MANUU Campus and also shed light on the purifier system and best practices being implemented to conserve water.
Prof Ahmed also gave satisfactory answers to the questions of the visiting team.

Prof Ishtiyaq Ahmed, Registrar, MANUU also spoke on the occasion and appreciated the visit by the expert committee.

Prof Mohammad Fariyad, Convenor, Jal Shakti Abhiyan, MANUU gave an overview of indoor and outdoor activities undertaken by the NSS, NCC units in connection with conservation and use of water.

The Jal Shakti team appreciated the steps taken by the University for conserving water.

Members of MANUU Jal Shakti Abhiyan Committee and other officials were also present, the statement added.
UNI VV CS1740
Tags: #High level team from Ministry of Jal Shakti visits MANUU

15 FEB 2023

Sakshi

# ప్రియాంక కుమారికి పీహెచ్‌డీ



రాయదుర్గం: మనూ పరిశోధక విద్యార్థిని ప్రియాంకకుమారికి మంగళవారం పీహెచ్‌డీ డిగ్రీని ప్రకటించారు. ఉర్దూ విభాగంలో పరిశోధక విద్యార్థిని ప్రియాంక హిందీ విభాగం ప్రొఫెసర్ కరణ్‌సింగ్‌ఉత్వాల్ పర్యవేక్షణలో పీహెచ్‌డీ పూర్తి చేశారు. ఆమె '21వ శతాబ్దపు హిందీ నాటకాలలో చిత్రీకరించబడిన స్త్రీల జీవిత సామాజిక వాస్తవికత' అనే అంశంపై థీసిస్‌ను సమర్పించారు.

راشٹریہ سہارا

15 FEB 2023

# پروفیسر ابنِ کنول، امجد اسلام امجد اور ضیامحی الدین کے انتقال پر تعزیتی اجلاس

حیدرآباد۔(پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، شعبۂ اردو کی جانب سے معروف افسانہ نگار، نقاد اور سابق صدر شعبۂ اردو، دہلی یونیورسٹی پروفیسر ابن کنول، ممتاز اینکر اور تھیٹر شخصیت ضیاء محی الدین اور مشہور شاعر و ڈراما نگار جناب امجد اسلام امجد کے سانحۂ ارتحال پر آج ایک تعزیتی نشست کا انعقاد کیا گیا۔ پروفیسر شمس الہدیٰ دریابادی، صدر شعبۂ اردو نے اپنے صدارتی خطاب میں تمام مرحومین کے کارہائے نمایاں پر جامع انداز میں روشنی ڈالی۔ انھوں نے کہا کہ ضیا محی الدین نے ایک طویل عمر پائی اور اپنی صفات اور کمالات کے ذریعے ادب و فن میں بلند و بالا مقام حاصل کیا۔ متون کی قرات میں ان کا کوئی ثانی نہ تھا۔ امجد اسلام امجد عصر حاضر کے چند نمائندہ شاعروں میں سے تھے۔ ان کے اشعار کی دھوم پوری اردو دنیا میں تھی۔ پروفیسر ابن کنول ہمارے عہد کے ایک اہم افسانہ نگار، خاکہ نگار اور نقاد تھے۔ وہ ایک نہایت زندہ دل اور خوش اخلاق انسان تھے۔